## ایم کیوایم کشمیر کے مسئلہ کا ایسا حل چاہتی ہے جسے کشمیری عوام تسلیم کریں، الطاف حسین
## کشمیر ڈے کے موقع پر بیان

کراچی۔۔۔4،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ کشمیر کا مسئلہ کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق حل ہونا چاہئے اور خطے کے موجودہ نازک حالات میں پاکستان اور بھارت کے حکمرانوں کو اس دیرینہ مسئلے کے حل کیلئے سنجیدہ اور عملی کوششوں کا آغاز کرنا چاہئے۔کشمیر ڈے کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور چاہتی ہے کہ خطہ میں امن وامان اور ترقی کیلئے بامقصد مذاکرات کے ذریعہ مسئلہ کشمیر کا دیرپا اور پرامن حل تلاش کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کشمیر کے مسئلہ کا ایسا حل چاہتی ہے جسے کشمیری عوام تسلیم کریں اور مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کو ترجیح دی جائے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور بھارت کے حکمرانوں کو مسئلہ کشمیر کا آبرومندانہ حل تلاش کرنے کی توفیق دے اور کشمیری عوام امن وسکون سے اپنی زندگی گزار سکیں۔

## لندن میں نوازشریف کی پریس کانفرنس کے دوران سینئر صحافی اورہفت روزہ وژن انٹرنیشنل کے ایڈیٹر رضا سید پر مسلم لیگ کے کارکنوں کے تشدد کا الطاف حسین کی جانب سے اظہار مذمت
## رضا سید سے الطاف حسین کی فون پر گفتگو، تشدد کے واقعہ پر ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا

لندن۔۔۔4 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن میں مسلم لیگ کے سربراہ میاں نوازشریف کی پریس کانفرنس میں لندن کے سینئر صحافی اورہفت روزہ وژن انٹرنیشنل کے ایڈیٹر رضا سید کو مسلم لیگ کے کارکنوں کی جانب سے تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے۔جناب الطاف حسین نے رضا سید کو فون کرکے ان سے اس واقعہ پر ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے رضا سید سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں تشدد کے اس واقعہ پر بہت افسوس اور صدمہ پہنچا ہے اور ہم اس واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس واقعہ سے عدلیہ اور آزادی صحافت کا نعرہ لگانے والوں کا اصل چہرہ بے نقاب کردیا ہے۔جناب الطاف حسین نے واقعہ پر رضا سید اور تشدد کے واقعہ سے متاثر ہونے والے تمام صحافیوں اور میڈیا کے ارکان سے مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

## لندن میں میاں نوازشریف کی پریس کانفرنس میں سینئر صحافی اورہفت روزہ وژن انٹرنیشنل کے ایڈیٹر رضا سید کو مسلم لیگی کارکنوں کی جانب سے تشدد کا نشانہ بنانا قابل مذمت ہے۔مصطفیٰ عزیزآبادی
## اے پی این ایس اور سی پی این ای سمیت تمام صحافتی تنظیمیں اس واقعہ کا فوری نوٹس لیں۔مصطفیٰ عزیزآبادی
## رضا سید پر مسلم لیگی کارکنوں کے تشدد کے واقعہ پر رضا سید اور لندن کی تمام صحافی برادری سے مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار
## جب تک نوازشریف اور مسلم لیگ کی قیادت معافی نہ مانگیں اس وقت تک مسلم لیگ کی تمام تقریبات کا بائیکاٹ کیا جائے۔مصطفیٰ عزیزآبادی

لندن۔۔۔4 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن اور ایم کیوایم کے مرکزی میڈیا سیل کے انچارج مصطفیٰ عزیزآبادی نے لندن میں مسلم لیگ کے سربراہ میاں نوازشریف کی پریس کانفرنس میں لندن کے ایک سینئر صحافی اورہفت روزہ وژن انٹرنیشنل کے ایڈیٹر رضا سید کو مسلم لیگ کے کارکنوں کی جانب سے تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں مصطفیٰ عزیزآبادی نے جو ایم کیوایم کے مرکزی میڈیا سیل کے انچارج ہونے کے ساتھ ساتھ خود بھی ایک قلم کار، شاعر اور ادیب ہیں، نے واقعہ کی اطلاع ملنے پر رضا سید کو فون کرکے ان سے اس واقعہ پر دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔اپنے بیان میں مصطفیٰ عزیزآبادی نے رضا سید پر مسلم لیگ ن کے کارکنوں کے تشدد کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عدلیہ کی آزادی اور آزادی صحافت کی بات کرنے والے دوعملی کا شکار ہیں۔ایک طرف وہ آزادی صحافت اور آزادیء اظہار کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف پریس کانفرنس میں سوال کرنے کا حق استعمال کرنے والے کو تشدد کا نشانہ بناتے ہیں۔مصطفیٰ عزیزآبادی نے کہا کہ آج عدلیہ کی آزادی کے چیمپئن بننے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے دورحکومت میں سپریم کورٹ پر حملہ کیا تھا اور اس وقت کے چیف جسٹس جسٹس سجاد علی شاہ کے ساتھ بدسلوکی کی تھی جس کی ریکارڈنگ ٹی وی چینل اور اخبارات کے ریکارڈ پر موجود ہیں۔مصطفیٰ عزیزآبادی نے رضا سید پر مسلم لیگی کارکنوں کے تشدد کے واقعہ پر رضا سید اور لندن کی تمام

صحافی برادری سے مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔انہوں نے اے پی این ایس اور سی پی این ای سمیت تمام صحافتی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ بھی اس واقعہ کا فوری نوٹس لیں اور جب تک نواز شریف اور مسلم لیگ کی قیادت معافی نہ مانگیں اس وقت تک مسلم لیگ کی تمام تقریبات کا بائیکاٹ کیا جائے۔

## ہمدرد یونٹی ورکرز یونین CBA (وقف) کے جنرل سیکریٹری ظہیر احمد خان نے یونین سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کردیا

## محنت کش طبقہ ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، وسیم قریشی

کراچی۔۔۔4،فروری 2009ء۔۔۔ہمدرد یونٹی ورکرز یونین CBA (وقف) کے جنرل سیکریٹری ظہیر احمد خان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے اٹھانوے فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنی یونین کے عہدیداران اور کارکنان سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے تحت ہمدرد لیبارٹیرز (وقف) میں منعقدہ ایک بڑے اجلاس میں کیا جس سے متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے خطاب کیا۔اجلاس میں محنت کش مردوخواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس میں ہمدرد یونٹی ورکرز یونین CBA کے جنرل سیکریٹری ظہیر احمد خان نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب ادارے میں ایک ہی حق پرست یونین ہوگی جو محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر عمل پیرا ہوکر جدوجہد جاری رکھے گی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ ملک پر غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ اور ایماندار افراد کی حکمرانی اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے آواز اٹھائی ہے تاکہ محنت کشوں سمیت غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق حاصل کئے جاسکیں۔انہوں نے کہا کہ محنت کش طبقہ ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور اس طبقے کی ترقی وخوشحالی متحدہ قومی موومنٹ کی ترجیحات میں شامل ہے۔وسیم قریشی نے ہمدرد یونٹی ورکرز یونین CBA کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد دی۔

## ایم کیوایم امدادی کمیٹی کے رکن خالد مرتضٰی کی والدہ محترمہ رشیدہ ناہید علالت کے باعث انتقال کرگئیں

## مرحومہ کو جمعرات کے روز بعد نماز ظہر عزیز آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا جائے۔مرکزی رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔4 فروری 2009ء۔۔۔ایم کیوایم امدادی کمیٹی کے رکن خالد مرتضٰی کی والدہ محترمہ رشیدہ ناہید منگل کے روز حرکت قلب بند ہونے کے سبب انتقال کرگئیں۔''انا للہ وانا الیہ راجعون'' مرحومہ کی عمر 76 سال کی تھی اور وہ کافی عرصے سے دل کے عارضے میں مبتلا تھیں مرحومہ کو منگل کے روز دل کا شدید دورہ پڑا انہیں فوری طور پر اسپتال لیجایا گیا جہاں ڈاکٹروں کی بھرپور کوشش کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکیں اور وہ خالق حقیقی سے جاملی۔مرحومہ کو بدھ کے روز بعد نماز ظہر عزیز آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا جائے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی نے خالد مرتضٰی کی والدہ رشیدہ ناہید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے خالد مرتضٰی سمیت مرحومہ کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالٰی مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلٰی مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین) علاوہ ازیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی اور رضا کاران ایم کیوایم نائن زیرو پر مختلف شعبہ جات وونگز کے ذمہ داران وکارکنان نے بھی خالد مرتضٰی کی والدہ محترمہ رشیدہ ناہید کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## خالد مرتضٰی کی والدہ محترمہ رشیدہ ناہید کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔4 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم امدادی کمیٹی کے رکن خالد مرتضٰی کی والدہ محترمہ رشیدہ ناہید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے خالد مرتضٰی سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالٰی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلٰی مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملیر، ناظم آباد گلبہار، کورنگی اور لیاقت آباد سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔4، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے کارکن سید ابرار علی کی والدہ محترمہ سیدہ فاطمہ بی، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 184 کے کارکن سمیر معین کے والد معین الدین، کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن وحید احمد کے بھائی رشید احمد اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن خالد رحیم کے والد عبدالرحیم خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆